حرفِ تحسین

ڈاکٹر محمد قیصر، شیخ الجامعہ

معارفِ اسلامیہ کا چودھواں مجلّہ پیشِ نظر ہے۔ مضامین کے معیاری یا غیر معیاری ہونے کا معاملہ الگ بحث کا موضوع ہے۔ میرے نزدیک شمارے کا تسلسل بجائے خود ایک قابلِ تحسین امر ہے۔ اس ضمن میں مجلّہ کے مدیرِ اعلیٰ اور فیکلٹی کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج مبارکباد کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے اپنی دیگر انتظامی اور علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے ساتھ مجلّہ کی مسلسل اشاعت کو یقینی بنایا۔ محدود وسائل میں رہتے ہوئے اس طرح کے کاموں کا تسلسل جہاں خوش آئند ہے وہیں وہ دوسروں کیلئے قابلِ تقلید بھی ہے۔

کلیۂ معارفِ اسلامیہ میں مفید اور مثبت سرگرمیوں کا عمل زور و شور سے جاری ہے اور امید ہے کہ یہ عمل مزید پُر زور ہوگا اور فیکلٹی کے اساتذہ اپنی صحت مندانہ علمی و تدریسی سرگرمیوں سے جامعہ کو مزید وقار بخشیں گے اور جامعہ کی تاریخ میں ماتھے کا جھومر بن کر چمکیں گے۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

نیک خواہشات کے ساتھ

ڈاکٹر محمد قیصر
شیخ الجامعہ